’آزادی کا امرت مہوتسو‘ کے موقع پر مختلف مقامات سے نکالی گئی ترنگا یاترا

ارم پبلک کالج

ممتاز انٹر کالج

مدرسہ حنفیہ ضیاء القرآن

شعاع فاطمہ گرلس انٹر کالج

لکھنؤ (ایس این بی)

ارم پبلک کالج اندرانگر میں آج ہفتہ کو آزادی کا امرت مہوتسو اور ہر گھر ترنگا مہم کے تحت خواجہ معروف ہال میں جشن آزادی پر ایک ثقافتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے بعد کالج سے ایک ترنگا یاترا نکالی گئی جس کو آئی پی ایس افسر سبھاش چندر دوبے، خواجہ فیضی یونس، خواجہ سیفی یونس، ارم پبلک کالج کی پرنسپل سحر سلطان اور ارم گرلس ڈگری کالج کی انچارج ڈاکٹر عائشہ عباسی نے روانہ کیا۔ پروگرام میں مہمان خصوصی کی گلپوشی کر کے ان کا شاندار خیر مقدم کیا گیا۔ ارم ایجوکیشنل سوسائٹی کے ڈائریکٹر خواجہ فیضی یونس نے ان کو شال اور کئی تحائف پیش کر کے ان کا شکریہ ادا کیا۔ ارم ایجوکیشنل سوسائٹی کے بانی اور سابق منیجر مشہور ماہر تعلیم ڈاکٹر خواجہ سید محمد یونس کی زندگی پر ایک ڈاکیومنٹری فلم دکھائی گئی جس میں دکھایا گیا کہ کس طرح ڈاکٹر خواجہ محمد یونس نے میلا رائے گنج سے راشٹرپتی بھون تک کا سفر پورا کیا۔ ڈاکیومنٹری فلم کے بعد ارم پبلک کالج کی طالبات نے علامہ اقبال کی مشہور نظم سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا گا کر خواجہ معروف ہال میں موجود تمام لوگوں کو تالیاں بجانے پر مجبور کردیا۔ پروگرام میں حب الوطنی پر مشتمل کئی نظمیں اور غزلیں پیش کی گئیں۔ پروگرام میں ارم ایجوکیشنل سوسائٹی کے سکریٹری خواجہ سیفی یونس، ارم ایجوکیشنل سوسائٹی کے ڈائریکٹر خواجہ فیضی یونس نے کہا کہ ہر آدمی کیلئے اس کا ملک سارے جہاں سے اچھا ہوتا ہے اور ہم سب ہندوستانیوں کیلئے بھی ان کا ملک سارے جہاں سے اچھا ہے۔ تقریب میں عائشہ عباسی، ایچ ایم یاسین، عارف نگرامی، ڈاکٹر طارق حسین، سندیش تلوار، خلیق احمد خاں کے علاوہ کالج کی ٹیچرس اور طلباء و طالبات کے ساتھ ساتھ دیگر ملازمین موجود تھے۔

ممتاز انٹر کالج امین آباد میں آزادی کے 75ویں سال میں امرت مہوتسو کے تحت پورے ملک میں ہر گھر ترنگا اور گھر گھر ترنگا مہم کو کامیاب بنانے کے سلسلے میں ترنگا بیداری ریلی نکالی گئی جس میں کالج کے طلباء و طالبات نے ہاتھوں میں ترنگا لے کر ریلی کی شروعات کی۔ اس کے بعد کالج کیمپس سے ریلی شروع کرتے ہوئے کالج کے آس پاس امین آباد علاقہ میں ہر گھر ترنگا اور گھر گھر ترنگا مہم کیلئے لوگوں کو بیدار کیا۔ ریلی میں طلباء و طالبات و پرنسپل این ایچ پٹھانیہ، اساتذہ خالد بن شمس وغیرہ تمام اساتذہ واسٹاف نے شرکت کی۔

مدرسہ حنفیہ ضیاء القرآن شاہی مسجد بڑا چاند گنج کے اساتذہ و طلبہ اور اراکین و معززین کی ’ترنگا ریلی‘ یوم آزادی کی 75ویں سالگرہ امرت مہوتسو کے موقع پر صبح 7:30 بجے مدرسہ کے گیٹ سے نکالی گئی۔ یہ ریلی کپورتھلہ چوراہے سے ہوتے ہوئے نگر نگم چوراہا، ریداس مندر ریلوے کراسنگ بڑا چاند گنج ہوتے ہوئے مدرسہ کے سامنے پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ جلوس کے دوران مدرسہ کے طلبہ نے قومی ترانہ پڑھا اور حب الوطنی پر مشتمل مختلف نعرے بھی لگائے۔ جلوس کی قیادت ادارہ کے منیجر حاجی محمد افتخار حسین برکاتی اور نگرانی مدرسہ حنفیہ ضیاء القرآن کے صدرالمدرسین قاری ذاکر علی قادری نے کی۔ جلوس نکالنے میں پولس انتظامیہ نے اپنا بھرپور تعاون پیش کیا۔

شعاع فاطمہ گرلس انٹر کالج واقع کیشونگر میں آزادی کا امرت مہوتسو کے موقع پر طلباء و طالبات کی ریلی نکالی گئی جسے ڈائریکٹر ایجوکیشن (بیسک) سرویندر وکرم بہادر سنگھ نے کالج کے بانی پروفیسر شارب ردولوی اور پرنسپل میرا ترپاٹھی کے ساتھ ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ ریلی میں تمام طلبہ کے ساتھ اساتذہ بھی شامل ہوئے۔ ریلی اسکول کے میدان سے نکل کر فیض اللہ گنج، یادو مارکیٹ اور نیا پورہ ہوتی ہوئی واپس کیمپس پہنچی۔ ریلی میں طلبہ کے ہاتھ میں ترنگا تھا اور وہ بھارت ماتا کی جے، ہندوستان زندہ باد اور جے ہند کے نعرے لگا رہے تھے۔ ریلی کے علاوہ سلوگن رائٹنگ اور آرٹس کمپٹیشن کا اہتمام کیا گیا۔ پرنسپل میرا ترپاٹھی نے بتایا کہ اس مقابلے کے کامیاب طلباء و طالبات کو 15/اگست کو ہونے والے پروگرام میں اعزاز سے نوازا جائے گا۔

مدرسہ جامعہ شیخ البنات پہیا اعظم پور، ہردوئی روڈ، کاکوری میں آزادی کے امرت مہوتسو کے تحت ایک پروگرام ہوا جس میں معلمات و طالبات نے مجاہدین آزادی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے وطن عزیز پر اپنی جانیں قربان کرنے والے شہیدوں کی قربانیوں پر مختلف پروگرام پیش کئے جن میں تقریریں، ڈرامے اور حب الوطنی نغمے پروگرام کا خاص حصہ تھے۔ ادارہ کی رکن چاند فاطمہ نے بچوں کو قومی پرچم تقسیم کیا۔ طالبہ سعدیہ ادریس نے خطاب کیا۔ دیگر مقررین میں زیبا ممتاز، عادلہ محسن کے علاوہ حب الوطنی نغمہ ”جو شہید ہوئے ہیں ان کی ذرا یاد کرو قربانی“ فاطمہ، اصفیہ، نشرح، علمہ، الشفاء، حبہ، فائزہ اور رمشا نے پیش کیا۔ وطن کی تحریک آزادی پر مشتمل ڈرامہ میں رشدہ، حبیبہ، شائستہ، ثمرہ، ہاجرہ، کیفیہ وغیرہ نے مجاہدین آزادی کی شخصیت کے کردار ادا کئے۔ قومی ترانہ قبا، واعظہ، عذرا، زینب، اقرا، نشرح اور شائنہ نے پیش کیا۔ نظامت فرح چاند نے کی۔ پروگرام کے انعقاد میں ادارہ کے منتظمین اور معلمات بالخصوص شگفتہ چاند اور معاویہ غلام دستگیر کا اہم کردار رہا۔

وزیراعلیٰ نے طلباء کی ریلی کو قومی پرچم دکھا کر روانہ کیا

لکھنؤ (ایس این بی) وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج ہفتہ کو یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ترنگا لہرا کر اور اسے اسکولی طلباء میں تقسیم کراتے ہوئے ’ہر گھر ترنگا مہم‘ کا آغاز کیا۔ انھوں نے طلباء کی ریلی کو قومی پرچم دکھا کر روانہ کیا۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے ریلی میں شریک تمام بچوں کو تحائف بھی پیش کئے گئے۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سکریٹری ایم ایس ایم ای و اطلاعات نونیت سہگل، پرنسپل سکریٹری وزیراعلیٰ و اطلاعات سنجے پرساد، ڈائریکٹر انفارمیشن ششر و دیگر سینئر افسران موجود تھے۔

> وزیراعلیٰ نے اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ترنگا لہرایا طلباء میں ترنگا تقسیم کر کے ’ہر گھر ترنگا مہم‘ کا آغاز کیا

یوپی میں کورونا کے 616 نئے مریض

لکھنؤ (ایس این بی) یوپی میں کورونا انفکشن کے سلسلے میں گذشتہ 24 گھنٹے میں 45ہزار 829 نمونوں کی جانچ کی گئی، ان میں کورونا کے 616 نئے مریض ملے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ریاست میں گذشتہ 24 گھنٹے میں 989 افراد صحت یاب بھی ہوئے ہیں۔ اب ریاست میں کورونا کے 5632 فعال معاملے بچے ہیں۔ ریاست کے ایڈیشنل چیف سکریٹری طب وصحت امت موہن پرساد نے بتایا کہ کووڈ ویکسی نیشن کا کام مسلسل کیا جارہا ہے۔ گذشتہ ایک دن میں ایک لاکھ ایک ہزار 346 ویکسین کی ڈوز دی گئی ہیں۔ ریاست میں اب تک کورونا انفکشن روکنے کیلئے 35 کروڑ 55 لاکھ 64 ہزار 826 ویکسین کی ڈوز دی گئی ہیں۔ دوسری جانب محکمہ صحت سے ملی جانکاری کے مطابق اب تک سبھی بڑے شہروں میں کورونا کے نئے مریض مل رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ریاست کے سبھی 75 اضلاع میں کورونا کے فعال مریض ہوگئے ہیں۔

امت کی افضل ترین عبادت تلاوت قرآن ہے

شہدائے اسلام کے جلسے میں مولانا عبدالعلیم فاروقی کا خطاب

لکھنؤ (پریس ریلیز) خداوند کریم نے قرآن مجید کو نازل فرمایا اور اس کی حفاظت کا وعدہ بھی فرمایا۔ یہ ایک عظیم الشان انعام اور مخصوص امتیاز اس امت محمدیہ کا ہے اور حضرت محمدؐ کا ایک معجزہ بھی ہے۔ جب قرآن بولتا ہے تو حق بولتا ہے اور تعلیم دیتا ہے تو صرف رشد وہدایت کی، نیکی اور بھلائی کی اور جب اسے پڑھا جاتا ہے تو زمین کے سارے نغمے اس کے آگے بے کیف اور ہیچ نظر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں بڑی عجیب وغریب تاثیرات رکھی ہیں۔ عرب جیسے وحشی اور ناتعلیم یافتہ خطہ میں اس نے ایک انقلاب عظیم پیدا کر دیا اور نہ صرف ملک عرب بلکہ ساری دنیا کو ہلا دیا۔ جو لوگ بکریوں اور اونٹوں کو چرانے کا سلیقہ نہیں رکھتے تھے ان میں دنیا چلانے اور حکومت کرنے کی ایسی اعلیٰ قابلیت اس قدر جلد پیدا کر دی جس کی مثال پیش کرنے سے دنیا عاجز ہے۔ جو لوگ اپنی اولاد پر مہربانی کرنا نہیں جانتے تھے ان میں دنیا کی تربیت کرنے کی بہترین صلاحیت پیدا کر دی اور جب اس کا وقت آیا تو انھوں نے غیر مذہب والوں کے ساتھ ایسی ایسی مہربانیاں کیں کہ آج تک قوم نصاریٰ کی تاریخیں اس اعتراف سے بھری ہوئی ہیں۔ جو لوگ اُمی اور ان پڑھ تھے کسی علم و ہنر کی ہوا تک ان کو نہیں لگی تھی، چند ہی روز میں ان کے سینوں سے علم وحکمت کے دریا بہنے لگے۔ ان حقائق کا اظہار مولانا عبدالعلیم فاروقی نے کیا جو مولانا عبدالشکور ہال میں شہدائے اسلام کے 15 روزہ جلسے کو خطاب کررہے تھے۔ قران کریم کی تلاوت اور اس کے فوائد و برکات کو بیان کرتے ہوئے مولانا فاروقی نے کہا کہ اس کے پڑھنے والے کبھی اللہ کی رحمت سے محروم نہیں رہتے اور اس کے چھوڑ دینے والے اللہ کی نظروں میں محبوب نہیں بن سکتے۔ جن گھروں میں قرآن کی تلاوت ہوتی ہے وہ برکت سے معمور رہتے ہیں۔ گھر کے مرد اور خاص کر خواتین اس کی تلاوت کا معمول بنائیں۔ حدیث میں ہے کہ میری امت کی افضل ترین عبادت قرآن کی تلاوت ہے۔ اسی طرح حدیث میں ہے کہ جو شخص قرآن کی تلاوت کی وجہ سے میرا ذکر نہیں کرپاتا اور مجھ سے مانگ نہیں پاتا، میں اسے مانگنے والوں سے بہتر عطا کرتا ہوں۔

مفت طبی کیمپ آج

لکھنؤ (پریس ریلیز) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی اولڈ بوائز ایسوسی ایشن لکھنؤ اور کائنڈ اسپتال کی جانب سے مفت طبی کیمپ 14/اگست اتوار کو صبح 10 بجے سے کائنڈ اسپتال 439/145، بلال کمپلیکس اودھ انکلیو دوبگا میں منعقد کیا جارہا ہے جہاں ماہر ڈاکٹروں کے ذریعہ صلاح و مشورہ نیز شوگر، ہارٹ، (ای سی جی) اور نسوں کی جانچ (نیوروپیتھی) ہوگی۔ کیمپ میں دوائیں مفت دی جائیں گی۔

جمعیۃ القریش کے تحت ضرورتمندوں میں راشن تقسیم

لکھنؤ (ایس این بی)

آزادی کے امرت مہوتسو کے موقع پر آل انڈیا جمعیۃ القریش کے تحت تنظیم کے قومی سکریٹری شہاب الدین قریشی کی قیادت میں ایک مفت راشن تقسیم کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ بلوچپورہ واقع تنظیم کے مقامی دفتر میں لگے کیمپ میں علاقہ کے ضرورتمندوں میں مفت راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر نہال الدین قریشی، رہنما قریشی، عرفان قریشی، حاجی پپو، صابو، مغفیق قریشی، ارشد قریشی سعود، شاہ رخ قریشی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ شہاب الدین نے بتایا کہ جشن آزادی ہفتہ کے تحت متواتر کئی روز سے تقریبات ہورہی ہیں۔ کل اتوار کو بعد نماز مغرب بلوچپورہ چوراہا واقع مسجد ابراہیمی میں تنظیم کی جانب سے جشن آزادی کا جلسہ ہوگا جس میں مولانا کفیل اشرف کا خصوصی خطاب ہوگا۔

اسلامک سنٹر آف انڈیا کے تحت سہ روزہ ’آزادی میلہ‘ کا آغاز

لکھنؤ (پریس ریلیز)

آزادی کے 75 سال کے جشن کے سلسلے میں عیدگاہ عیش باغ میں آج سے سہ روزہ ’آزادی میلے‘ کا آغاز ہوا۔ یہ میلہ 13 تا 15/اگست صبح 10 سے رات 10 بجے تک جاری رہے گا۔ اس سلسلے میں مختلف ملّی و تعلیمی تنظیموں کی طرف سے اسٹال لگائے گئے ہیں۔ اسی کے ساتھ فوڈ کورٹ میں لکھنؤ کے لذیذ کھانوں کا بھی انتظام ہے۔ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ برجیش پاٹھک کے ہاتھوں سے مولانا خالد رشید فرنگی محلی کی کتاب ’تحریک آزادی‘ کا اجرا ہوا۔ اس کتاب میں خصوصی طور پر تحریکات آزادی، اس دور کے اہم اخبارات اور مجاہدین آزادی کی تصویروں کے ساتھ ان کا مختصر تعارف بھی شامل ہے۔

چیئرمین اسلامک سنٹر آف انڈیا مولانا خالد رشید فرنگی محلی امام عیدگاہ عیش باغ نے بتایا کہ اس میلے کا مقصد یہ ہے کہ نئی نسل کو مجاہدین آزادی کی خدمات و قربانیوں سے واقف کرایا جائے جس سے آزادی کی اہمیت اور آزادی کی حفاظت کے جذبات ان کے اندر بچپن سے ہی پیدا ہوں۔ اس آزادی میلے میں 130 مجاہدین آزادی کی مختصر تاریخ کو پلے کارڈ کے ذریعہ نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور ان پلے کارڈس پر کیو آر کوڈ بھی مہیا کرایا گیا ہے جس کو اسکین کر کے مجاہدین آزادی کی تاریخ کو یوٹیوب پر اردو اور انگریزی میں سنا اور دیکھا جاسکتا ہے۔ مکتبہ فرنگی محل کے بک اسٹال کے ساتھ ساتھ آزادی گیلری بھی بنائی گئی ہے جس میں وہ اخبارات جنھوں نے تحریک آزادی میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں ان کی کاپی کو بھی نمائش میں لگایا گیا ہے جس میں مولانا آزاد کا ’الہلال‘، مولانا حسرت موہانی کا ’اردوئے معلیٰ‘، مولانا عبدالماجد دریابادی کا ’سچ‘، مولانا محمد علی جوہر کا ’کامریڈ‘ شامل ہیں۔ اس میلے میں مختلف تنظیمیں جن میں اے ایم پی جہانگیر آباد ایسوسی ایشن آف ٹکنالوجی، شاہین اکیڈمی کے ساتھ ساتھ وزارت اقلیتی فلاح و بہبود اترپردیش کی جانب سے اقلیتوں کیلئے جو اسکیمیں چلائی جارہی ہیں اس کی بھی عوام کی سہولت کیلئے اسٹال لگایا گیا ہے۔ نیشنل یونانی ڈاکٹرس ویلفیئر ایسوسی ایشن (نڈوا) اور اسٹیٹ تکمیل الطب کالج اینڈ ہاسپٹل لکھنؤ کا بھی اسٹال موجود ہے جس میں مریضوں کو دیکھنے اور مفت دواؤں کے ساتھ ساتھ کووڈ ویکسی نیشن کی بوسٹر ڈوز کا بھی اسٹال لگایا ہے۔ اسلامک سنٹر کی جانب سے لیگل ہیلپ ڈیسک بھی لگایا گیا ہے جو چند ماہ قبل قائم کی گئی ہے۔ اس اسٹال کے ذریعہ وکلاء لوگوں کو قانونی مشورے بھی دیتے ہیں۔

محمد اشرف آر ایل پی ایم کے میرٹھ ڈویژن کے صدر منتخب

لکھنؤ (پریس ریلیز) راشٹریہ لوک تنتر پترکار مہاسنگھٹن (آر ایل پی ایم) کے قومی صدر یوگیش اپادھیائے نے اپنی نئی ٹیم کا اعلان کیا ہے۔ انھوں نے مہاسنگھٹن میں میرٹھ ڈویژنل صدر کی ذمہ داری یوپی سے تعلق رکھنے والے محمد اشرف کو سونپی ہے۔ ذمہ داری ملنے پر محمد اشرف نے مہاسنگھٹن کے قومی صدر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جو ذمہ داری مجھے ملی ہے، میں اس ذمہ داری کو پوری طرح نبھاؤں گا۔ میں ہمیشہ اس تنظیم کے ذریعہ غرباء و مساکین کی مدد کر کے تنظیم کو مضبوط کروں گا۔ انھوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ ہم کسی مظلوم کے ساتھ کسی قسم کی ناانصافی نہ ہونے دیں۔ واضح ہو یہ تنظیم صحافیوں کے مفاد کیلئے ہے اور یہ مظلوم وظلم کے خلاف آواز اٹھانے کیلئے تشکیل دی گئی ہے اور خاص طور پر خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے مہیلا مورچہ بھی باقاعدہ طور پر اس کے ذریعہ کام کرے گا۔ خواتین کا استحصال، گھریلو تشدد، چھیڑ خانی، معصوم بچیوں کی عصمت دری، جہیز کیلئے تشدد وغیرہ جیسے تمام معاملات کا خاتمہ کیا جائے گا۔ بالخصوص صحافیوں کے ساتھ لڑائی جھگڑوں کے معاملہ میں ہماری تنظیم ان کی مدد اور تعاون کیلئے ہمہ وقت تیار رہے گی۔ ان کے حقوق کیلئے ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم قلم کو جھکنے یا ٹوٹنے نہیں دیں گے۔

چھوٹے امام باڑے میں مجالس شروع

لکھنؤ (ایس این بی) حضرت امام حسین اور ان کے ساتھیوں کی شہادت کی یاد میں شہر کے امام باڑوں، کربلاؤں و روضوں میں 5 روزہ مجالس و ماتم کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی کڑی میں آج ہفتہ کو چھوٹا امام باڑہ حسین آباد میں تلاوت قرآن پاک سے شروع ہوئی مجلس کو مولانا ضمیر عباس جعفری نے خطاب کیا۔ انھوں نے حضرت عباس کی فضیلت بیان کی۔ مولانا نے جب کربلا والوں پر ہوئے ظلم وستم بیان کئے تو عزادار رونے لگے۔

’مولانا محمود حسنی ندوی کی وفات دینی وعلمی حلقوں کا بڑا خسارہ‘

لکھنؤ (ایس این بی)

خانوادۂ حسنی کے ممتاز فرد مولانا سید محمود حسن حسنی ندوی کی وفات دینی وعلمی حلقوں کا بڑا خسارہ ہے۔ مولانا مرحوم گوناگوں صفات سے متصف تھے۔ ان کا دینی وعلمی مرتبہ قابل رشک تھا۔ ان کی وفات ہم سب کیلئے بہت رنج وغم کا باعث ہے۔ ان خیالات کا اظہار امام عیدگاہ عیش باغ مولانا خالد رشید فرنگی محلی چیئرمین اسلامک سنٹر آف انڈیا نے کیا۔ وہ مولانا محمود حسنی کی وفات پر اسلامک سنٹر میں تعزیتی نشست کو خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر مولانا نعیم الرحمٰن صدیقی اور مولانا محمد مشتاق نے بھی مولانا حسنی کی صفات بیان کیں۔

■ شعبۂ دعوت وارشاد واصلاح معاشرہ ندوۃ العلماء میں ایک تعزیتی نشست مولانا سید محمود حسن حسنی ندوی کے انتقال پر ہوئی۔ نشست کے صدارتی بیان میں مولانا محمد غفران ندوی نے کہا کہ مولانا سید محمود حسن حسنی ندوی کو ان کے نانا سید محمد ثانی حسنی کی طرف سے وراثت میں تحقیقی اور علمی کام ملا تھا۔ عبدالوکیل ندوی بارہ بنکوی نے کہا کہ مولانا محمود حسن حسنی کا انتقال حسنی خانوادہ کیلئے بڑے خسارہ کی بات ہے۔ وہ ایک علمی آدمی تھے۔ نشست میں مولانا آفتاب عالم خیرآبادی کے بہنوئی ڈاکٹر محمد عرفان خان اور محمد سلمان ندوی کی اہلیہ کیلئے بھی دعائے مغفرت کی گئی اور اہل خانہ کو صبر جمیل استقامت کی تلقین کی گئی۔ اس موقع پر مولانا جمال احمد ندوی، ابومحمد عامر ندوی، مولانا محمد سلمان نقوی ندوی، ماسٹر نصیر احمد خان، عبدالحئی عرفی، احمد صدیق، محمد اسحاق ندوی، ارشاد احمد، لیاقت علی، سید شفیق مدنی نے بھی تمام مرحومین کیلئے تعزیت پیش کی۔

■ دارالعلوم فاروقیہ میں مولانا محمود حسن حسنی ندویؒ کے انتقال پر ایک تعزیتی جلسہ ہوا جس میں ناظم مولانا عبدالعلی فاروقی نے مرحوم سے اپنے خاندانی رشتوں و ذاتی قربتوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مولانا بہت سادہ مزاج، اعلیٰ ظرف، خوش اخلاق شخصیت کے مالک تھے۔ تعزیتی جلسہ میں مولانا عبدالولی فاروقی صدرالمدرسین سمیت تمام اساتذہ واسٹاف شریک رہا۔

■ دارالعلوم ندوۃ العلماء کے مسجل حافظ عتیق الرحمٰن طبی نے علم وعمل کے پیکر مولانا محمود حسن حسنی ندوی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نہایت سادگی پسند، حسن اخلاق، بلند کردار کے حامل اور تقویٰ و پرہیزگاری کے ساتھ بزرگان دین اور تصوف سے خاص مناسبت تھی۔ ممبر ابنائے ندوہ قطر ڈاکٹر اسلم ندوی، مولانا ثناء اللہ ندوی، مولانا محمد شمیم ندوی، مولانا ابوبکر صدیق ندوی، مولانا اسلم کرمانی، احمد میاں ایم اے، مولانا عزیز الرحمٰن ندوی (مقیم قطر) و دیگر متعلقین نے مرحوم کیلئے بلندیٔ درجات اور اہل خانہ، وارثین کیلئے خدا سے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

■ جمعیۃ علماء اترپردیش کے صدر مولانا عبدالرب اعظمی، خازن سید محمد حسین ہاشمی وغیرہ و دیگر عہدیداران نے ایک تعزیتی پیغام میں مولانا محمود حسنی ندوی کو خراج عقیدت پیش کیا۔

■ آل انڈیا سنی یوتھ فیڈریشن کے بانی و کنوینر حاجی مشرف حسین، خالد حلیم خاں، ابوبکر صدیقی و دیگر اراکین نے مولانا محمود حسنی ندوی کے انتقال کو نہ صرف ندوۃ العلماء کیلئے بلکہ تحریک ندوہ وملت کا بڑا خسارہ قرار دیا ہے۔

■ مرزا ٹور اینڈ ٹریولس کے بانی الحاج مرزا محمد عبدالحلیم نے مولانا محمود حسنی ندوی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔

■ نیوکلیئس ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی کے تحت کھدرا میں سوسائٹی کے دفتر میں ممتاز احمد ندوی کی صدارت میں تعزیتی جلسہ ہوا۔ جس میں مولانا رابع حسنی ندوی کے نواسے مولانا سید محمود حسن حسنی ندوی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور ان کی وفات کو علمی دنیا کا بڑا خسارہ بتایا گیا۔ ممتاز احمد ندوی نے کہا کہ مرحوم مولانا محمود حسنی کو تصنیف وتالیف میں ملکہ حاصل تھا۔ ان کو بزرگان دین سے انتہائی شغف تھا۔ سیرت نگاری ان کا محبوب مشغلہ تھا۔ وہ حقیقی معنوں میں طالب علم تھے اور آخری عمر تک تعلیم سے وابستہ رہے۔ یہی وجہ ہے کہ دوران علالت بھی ان کے قلم کا فیضان جاری رہا۔ سوسائٹی کے سکریٹری نثار احمد نے مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ صرف 51 برس کی عمر میں انہوں نے قابل قدر خدمات انجام دیں اور علمی ذخیرہ اپنے پیچھے چھوڑ کر گئے۔ ان کی رحلت علمی دنیا کے لئے بڑا خسارہ ہے۔ تعزیتی جلسہ میں محمد فہیم، محمد زبیر، ضیاء اللہ صدیقی، رفیع احمد، ڈاکٹر خورشید جعفری وغیرہ نے بھی مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا۔

چیف سکریٹری نے یوم آزادی تقریبات کی تیاریوں کا جائزہ لیا

لکھنؤ (ایس این بی) چیف سکریٹری درگا شنکر مشرا نے آج ہفتہ کو ریاستی کونسل کے سامنے 15/اگست کی تیاریوں کا موقع معائنہ کیا۔ اس دوران انھوں نے کہا کہ آزادی کی 75ویں سالگرہ امرت مہوتسو کے موقع پر سماج کے ہر طبقہ کے لوگ بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔ یوم آزادی سے پہلے ہی حب الوطنی کا ہر جگہ ماحول ہے۔ ریاست میں ہر گھر، اسکول، یونیورسٹی، اداروں، سرکاری دفاتر میں لہرانے کیلئے 4 کروڑ سے زیادہ پرچم تقسیم کئے گئے ہیں۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ 11/اگست کو وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ہدایت پر تاریخی وراثت ریاستی کونسل کو پھساڈ لائٹنگ کے توسط سے خوبصورت بنادیا گیا ہے۔ ریاستی کونسل کے سامنے ہر شام کو لائٹنگ شو کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس شو کو شہری ضرور دیکھنے آئیں۔ انھوں نے کہا کہ پورے ملک میں 20 کروڑ گھروں میں ترنگا لہرایا جائے گا۔ ہر شخص اپنے ملک کی آن بان شان یعنی ترنگے کو اپنے گھروں میں لہرائے گا۔ آج جو ہم آزاد ملک میں خود کی قسمت بنا رہے ہیں، وہ ہمارے بہادر انقلابیوں کی قربانی ہے جنھوں نے ہمیں آزاد کرانے کیلئے اپنی جان تک نچھاور کردی تھی۔ اس موقع پر ہمیں ان انقلابیوں کو یاد کرنا چاہئے۔ ساتھ ہی اپنے ملک کو سب سے آگے لے جانے کیلئے مسلسل کوشاں رہنا چاہئے۔ اس سے قبل چیف سکریٹری نے یوم آزادی پر منعقد ہونے والے ثقافتی پروگراموں، پرچم کشائی، قومی نغمہ اور گل پاشی وغیرہ پروگراموں کی تیاریوں کا معائنہ کر کے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات دیں۔ معائنے کے دوران منطقائی کمشنر ڈاکٹر روشن جیکب، ضلع مجسٹریٹ سوریہ پال گنگوار و دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔

> ریاستی کونسل کے سامنے تیاریوں کا معائنہ کیا طلباء وطالبات کو ہر گھر ترنگا مہم سے جڑنے کیلئے راغب کیا

علامہ شبلی نعمانی میموریل ہیلپ لائن کے تحت مفت طبی کیمپ

لکھنؤ (پریس ریلیز) علامہ شبلی نعمانی میموریل میڈیکل ہیلپ لائن کے زیراہتمام ایک مفت طبی کیمپ کا انعقاد اندرانگر میں کیا گیا جس میں بطور مہمان خصوصی اے آر ایم للن صدیقی نے شرکت کی۔ نظامت ڈاکٹر سعید احمد نے کی اور مریضوں کو صحت سے متعلق بہتر مشوروں سے بھی نوازا۔ انھوں نے مریضوں کی آنکھوں کی جانچ کی۔ مستحقین کو مفت دوائیں اور چشمے بھی تقسیم کئے۔ کیمپ کو کامیاب بنانے میں قاضی اکرم ضیا، اشرف علی، رمیش جیسوال نے اہم کردار ادا کیا۔ کیمپ کے اراکین نے مختلف اضلاع سے آئے تمام مریضوں کا شکریہ ادا کیا۔ تنظیم کے چیف سکریٹری نعمان اعظمی کے تعاون سے مذکورہ ہیلپ لائن کیمپ عمل میں آیا۔ آخر میں تنظیم کے کنوینر محمد ادریس نے تمام اراکین کا شکریہ ادا کیا۔

یوم آزادی پر اترپردیش میں سیکورٹی کے پختہ انتظامات

حساس مقامات پر خصوصی سیکورٹی انتظامات کرنے کی ہدایت

لکھنؤ (ایس این بی) یوم آزادی کے موقع پر ہونے والی تقاریب اور پروگراموں میں موثر سیکورٹی انتظامات کے سلسلے میں ڈی جی پی ہیڈکوارٹر نے اہم ہدایات جاری کی ہیں۔ ہدایات میں کہا گیا ہے کہ اہم انعقادوں میں پروگرام شروع ہونے سے قبل اینٹی سبوتاژ چیکنگ کراتے ہوئے خصوصی سیکورٹی انتظامات کئے جائیں، روف ٹاپ ڈیوٹی لگائی جائے اور منظم ٹریفک انتظامات کئے جائیں۔ ریلوے اسٹیشن، میٹرو اسٹیشن، بس اسٹیشن، ایئرپورٹ، بازار، سینما ہال، ملٹی پلیکس، شاپنگ مال، ہوٹل، دھرمشالہ، گیسٹ ہاؤس وغیرہ میں خصوصی سیکورٹی انتظامات کئے جائیں اور سیکورٹی ملازمین کو بریف کرنے کے بعد ڈیوٹی پر لگایا جائے۔ حساس اور اہم اداروں کی سیکورٹی اسکیم کے مطابق یقینی بنائی جائے۔ اس کے علاوہ ریاست اور اضلاع کی سرحد پر موثر چیکنگ یقینی بنائی جائے۔ سبھی چیک پوسٹوں کو بطور خاص محتاط اور سرگرم کیا جائے۔ گلائڈر، ڈرون اور ڈرون وغیرہ کی اڑانوں پر احتیاطی نظر رکھی جائے۔ ناجائز اسلحوں/کارتوسوں، شراب اور دھماکہ خیز مواد کی اسمگلنگ روکنے اور مشتبہ اشخاص کی آمد ورفت پر احتیاطی نظر رکھنے کیلئے مقامی چیک پوسٹ کے علاوہ جزوی چیک پوسٹ لگا کر مشتبہ اشخاص اور گاڑیوں کی اچانک چیکنگ کرائی جائے۔ مختلف رہائشی کالونیوں میں مہم چلا کر کرایہ داروں کی تصدیق کی کارروائی ضرور کرالی جائے۔ کیمیکل کی دکانوں کی تصدیق اور چیکنگ کا بندوبست کرایا جائے۔

پھٹی ایڑیوں | کھجلی | کھانج | داد
مسائل کئی حل ایک
سیلیکل
SALICAL STRONG
Available in : 5g, 10g, 15g Pot 25g Tube & 15ml Lotion
Trade Enquries: 9804688185
Available on: Flipkart amazon